قرآنی عربی پروگرام

لیول 4: متوسط عربی زبان (جوابات)

محمد مبشر نذیر

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ ڈکشنری کی مدد سے اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی ٪ 100 عربی سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

فہرست

تعارف

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عربی زبان سیکھنے کے لئے "قرآنی عربی پروگرام" کے انتخاب کا بہت بہت شکریہ۔ اس پروگرام میں انشاء اللہ ہم متعدد اسباق کے ذریعے عربی زبان سیکھیں گے۔ اس پروگرام کے اختتام پر انشاء اللہ آپ قرآن و حدیث اور مسلم علماء کی عربی کتب کے مطالعے پر قادر ہو جائیں گے۔ اس پروگرام کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ نہایت ہی آسانی کے ساتھ درجہ بدرجہ ادبیات اسلامیہ میں استعمال ہونے والی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کو قرآنی عربی پروگرام کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس پروگرام کا محور و مرکز "قرآن مجید" ہے۔

لوگ عموماً دو وجوہات کی بنیاد پر عربی سیکھتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ قرآن مجید، احادیث اور اسلامی لٹریچر کو سمجھا جاسکے اور دوسرے یہ کہ عربوں کے ساتھ جدید عربی میں گفتگو کی جاسکے۔ یہ پروگرام پہلے مقصد کی تکمیل کے لئے وضع کیا گیا ہے البتہ دوسرے مقصد کے لئے عربی سیکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

عربی دنیا کی منظم ترین زبان ہے۔ اس کی وجہ سے اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔ اس کے قواعد و ضوابط بہت واضح ہیں۔ اگر آپ یہ قواعد و ضوابط سیکھ لیں تو چند ہی ہفتوں میں آپ اس زبان کا بڑا حصہ سمجھ سکتے ہیں۔ قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و حدیث اور اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقفیت حاصل کریں۔ اس کے اسالیب کو پہچانیں اور اس کے محاوروں سے واقفیت حاصل کریں۔

اس پروگرام میں عربی سیکھنے کا طریقہ کار نہایت ہی سادہ ہے۔ روزانہ ایک سبق کا مطالعہ کیجیے۔ ہر سبق میں "اپنی صلاحیتوں کا امتحان لیجیے!" کے تحت مشقوں کو حل کیجیے۔ مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے جوابات ہر گز نہ دیکھیے۔ بعد میں جوابات کو چیک کیجیے۔ چند ہی ہفتوں میں آپ محسوس کریں گے کہ آپ عربی زبان سمجھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دلچسپی برقرار رکھنے اور معلومات ذہن نشین کروانے کی خاطر بعض معلومات کو الگ باکس کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت: اس پروگرام کا مقصد محض عربی سکھانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی شخصیت کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنا بھی ہے۔ اس لئے ہر سبق کے آغاز میں آپ کو یہ باکس ملے گا جس میں تعمیر شخصیت سے متعلق ٹپس دیے جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی زبان اور عربوں سے متعلق دلچسپ معلومات آپ کو اس باکس میں ملیں گی۔

آج کا اصول: زبان کے قوانین اس باکس میں دیے جائیں گے تاکہ آپ انہیں آسانی سے یاد کر سکیں۔

چیلنج! آپ کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آپ کو چیلنج دیا جائے گا جس کی مدد سے آپ عربی زبان کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

مطالعہ کیجیے! اس باکس میں اچھی کتب اور تحریروں کے لنک فراہم کئے جائیں گے۔

تعارف

اس پروگرام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ آپ تدریجاً عربی سیکھتے چلے جائیں گے:

- لیول0: اس لیول کا مقصد آپ کو عربی رسم الخط سکھانا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی عربی پڑھ سکتے ہیں تو آپ براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں مگر اس لیول کا طائرانہ جائزہ مفید رہے گا۔
- لیول 1: اس لیول کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزمرہ مذہبی معمولات میں استعمال ہونے والی عربی سیکھ لیں۔
- لیول 2: اس لیول کا مقصد آپ کی زبان کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ اس میں آپ بنیادی عربی گرامر سیکھتے ہیں اور اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرتے ہیں۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 30-40% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 3: یہ لیول آپ کی زبان کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بناتا ہے۔ اس آپ گرامر کے اعلیٰ مباحث کا مطالعہ کرتے ہیں اور آپ کے ذخیرہ الفاظ میں مزید اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 75-80% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 4: اس لیول پر پہنچ کر آپ عربی گرامر کا مطالعہ مکمل کر لیتے ہیں۔ آپ کا ذخیرہ الفاظ اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ اب آپ ڈکشنری کی مدد سے 100% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 5: یہ اس پروگرام کا آخری لیول ہے۔ اس لیول پر پہنچ کر آپ علم بلاغت (بشمول علم المعانی، علم البیان اور علم البدیع) کا مطالعہ کرتے ہیں اور زبان میں نازک احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اب آپ ڈکشنری کا زیادہ استعمال کیے بغیر آرام سے پچھلے ڈیڑھ ہزار سال میں لکھی گئی عربی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

لیول 1 سے اس پروگرام اسباق کو دو سیریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اے سیریز میں گرامر اور بلاغت کے قوانین سکھائے گئے ہیں۔ ان قوانین کے استعمال کے لئے قرآن مجید سے پریکٹس کروائی گئی ہے۔ بی سیریز میں زبان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے قرآن مجید، حدیث اور ادبیات اسلامیہ سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے اس کے ذخیرہ الفاظ اور اسالیب کو سیکھتے ہوئے ان اقتباسات کا ترجمہ کرنا ہے۔ آپ کو قوانین یا الفاظ کو رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ قوانین اور الفاظ خود بخود آپ کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے جائیں گے۔

اس پروگرام کے ذریعے آپ عربی بول چال پر نہ تو قادر ہو سکیں گے اور نہ ہی عربی زبان کے ادیب بن سکیں گے مگر یہ پروگرام آپ کو یہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد ضرور کرے گا۔ عربی بول چال پر قدرت کے لئے آپ کو عرب ماحول اور تحریر سیکھنے کے لئے ایک استاذ کی ضرورت رہے گی جو آپ کی تحریروں کی اصلاح کر سکے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد آپ کو زبان سمجھنے کے قابل بنانا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی سبق سے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو آپ براہ راست مصنف کو ای میل کر کے اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے تاثرات بھی ای میل کیجیے۔ اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب میں جہاں کوئی غلطی دیکھیں تو مصنف کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ مصنف کا ای میل ایڈریس ہے: mubashirnazir100@gmail.com

تعارف

اپنے کمپیوٹر کو عربی زبان کے سیٹ اپ کر لیجیے۔ طریقہ کار یہ ہے:

Enable the Arabic Language in your computer. Follow these steps:

For Windows Vista Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Press "Keyboards and Languages" tab.
- Press "Change keyboards…" button
- Press "Add" button
- Select "Input Language: "Arabic"

The system may ask you to provide Windows CD during this process.

Warning: If you are using an unlicensed version of Windows, it may corrupt.

For Windows XP Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Choose Language tab.
- Check the "Install files for Complex Script and right-to-left languages (Including Thai)".
- Press Apply to proceed
- Press Details button.
- Press Add button.
- Select the "Arabic (Saudi Arabia)" in Input Language drop down list.
- Select the default "Arabic (102)" keyboard.
- Press "OK" and then "Apply".

درج ذیل لنک سے مزید وسائل بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔

www.mubashirnazir.org/Courses/Arabic/Level01/AR000-01-Contents-U.htm

- قرآن مجید اور اس کی ڈکشنریاں
- عربی اور اردو فانٹ
- صخر عربی انگریزی ڈکشنری: اسے اپنے کمپیوٹر پر انسٹال بھی کر لیجیے۔ انسٹال کرنے کے بعد یہ کام کر لیجیے۔

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- In Regional Options change the standard format to Arabic (Saudi Arabia), and the location to be Saudi Arabia
- Press the 'Advanced' card (The third card up) and then change the language to Arabic (Saudi Arabia), then ok and restart your computer.
- Check that Sakhr Dictionary is working.
- Go back to the Regional Settings and change the settings to your normal settings.

اہم نوٹ

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لفظ کے دو نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربي	اردو	صيغة
الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ	وہ لوگ جو چھپی ہوئی باتوں پر ایمان لاتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور ہم نے انہیں جو رزق دیا ہے، اس میں خرچ کرتے ہیں۔باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
بِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ	آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لا يُؤْمِنُونَ	یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا، برابر ہے کہ آپ انہیں خبردار کریں یا خبردار نہ کریں، وہ ایمان نہ لائیں گے۔أنذر: باب إفعال، فعل ماضي، واحد مذكر حاضر | تنذر: باب إفعال، فعل مضارع، واحد مذكر حاضر | يؤمنون: باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	ان کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا۔باب إفعال، فعل ماضي، واحد مذكر حاضر	
إِذَا قِيلَ لَهُمْ لا تُفْسِدُوا فِي الأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ	جب ان سے کہا گیا کہ زمین میں فساد نہ پھیلاؤ تو وہ بولے، ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔باب إفعال، فعل نهي، جمع مذكر حاضر | اسْم فاعل، جمع مذكر	
أَلا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَكِنْ لا يَشْعُرُونَ	خبردار! یقیناً وہی تو فساد پھیلانے والے ہیں لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذكر | ثلاثي مجرد، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
تَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لا يُبْصِرُونَ	اس نے انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا، وہ نہیں دیکھتے۔باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ	اس نے آسمان سے پانی اتارا اور اس سے پھل نکالے۔باب إفعال، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ	ہم عظمت بیان کرتے ہیں تیری حمد کے ساتھ اور تیرے لئے پاکیزگی بیان کرتے ہیں۔باب تفعيل، فعل مضارع، جمع متكلم	
يَا آدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ	اے آدم! انہیں ان کے ناموں کے بارے میں معلومات دو۔ تو جب انہوں نے ان کے نام کے بارے میں انہیں بتادیا۔باب إفعال، فعل أمر، واحد مذكر حاضر | باب إفعال، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ	تو ان دونوں کو شیطان نے (اللہ کے حکم سے) ہٹادیا اور ان دونوں کو نکال دیا جس میں وہ تھے۔باب إفعال، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

عربي	اردو	صيغة
اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ	میری اس نعمت کو یاد کرو جو تم پر میں نے انعام کیا اور میں نے تمام جہانوں پر فضیلت دی۔باب إفعال، فعل ماضي، واحد متكلم | باب تفعيل، فعل ماضي، واحد متكلم	
يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ	تمہارے بیٹوں کو وہ ذبح کرتے ہیں۔باب تفعيل، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
أَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ	آل فرعون کو ہم نے غرق کر دیا۔باب إفعال، فعل ماضي، جمع متكلم	
ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ	تم پر بادل کا ہم نے بھرپور سایہ کیا۔باب تفعيل، فعل ماضي، جمع متكلم	
يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ	اللہ کے کلام کو وہ سنتے ہیں، پھر وہ اسے تبدیل کر دیتے ہیں بعد اس کے کہ وہ عقل سے اسے سمجھتے ہیں اور جانتے ہیں۔يُحَرِّفُونَ: باب تفعيل، فعل مضارع، جمع مذكر غائب | عَقَلُوهُ: ثلاثي مجرد	
بَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	بشارت دو! ان کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے۔باب تفعيل، فعل أمر، واحد مذكر حاضر	
عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ	آدم کو نام اس نے سکھائے۔باب تفعيل، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
هَذَا الَّذِي كَرَّمْتَ عَلَيَّ	یہ ہے وہ جسے تو نے عزت دی مجھ پر۔باب تفعيل، فعل ماضي، واحد مذكر حاضر	
رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ	میرے رب! مجھے داخل فرما سچائی کے ساتھ داخل ہونے کی جگہ پر اور مجھے نکال سچائی کے ساتھ نکلنے کی جگہ سے۔تفعیل، فعل أمر، واحد مذكر حاضر | اسْم ظرف	
فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ	باعزت صحیفوں میں جو کہ بلند اور پاکیزہ ہیں۔باب تفعيل، اسْم مفعول، واحد مؤنث	
عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ	ایک چشمہ، جس سے قریب کئے جانے والے پئیں گے۔باب تفعيل، اسْم مفعول، جمع مذكر	
وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ	عنقریب ہم زیادہ دیں گے احسان کرنے والوں کو۔باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذكر	
هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ	ان کا وہ نکالنا تمہارے لئے حرام کردہ ہے۔باب تفعيل، اسْم مفعول، واحد مذكر	
لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ	یقیناً! ہم نے عزت دی بنی آدم کو۔باب تفعيل، فعل ماضي، جمع متكلم	

چیلنج! اس سبق میں دیے گئے الفاظ کے علاوہ قرآن مجید سے باب افعال اور باب تفعیل کے دس دس الفاظ تلاش کیجیے۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

عربي	اردو	صيغة
أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُونَ	یا ہم اتارنے والے ہیں۔باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
مِنْ الْمَلَائِكَةِ مُنْزَلِينَ	فرشتوں میں سے جو اتارے گئے۔باب إفعال، اسْم مفعول، جمع مذکر	
أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِنْ رَبِّكَ	یہ کہ وہ اتارا گیا تمہارے رب کی جانب سے۔باب تفعيل، اسْم مفعول، واحد مذکر	
يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيراً. وَدَاعِياً إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجاً مُنِيراً	اے نبی! آپ کو ہم نے بھیجا بطور گواہ کے، اور بشارت دینے والے اور خبر دار کرنے والے کے اور اللہ کی اجازت سے اس کی طرف بلانے والے کے اور بطور روشن کرنے والے چراغ کے۔أرسلنا: باب إفعال، فعل ماضي، جمع متكلم | مبشر: باب تفعيل، اسْم فاعل، واحد مذکر | نذيرو منير: باب إفعال، اسم فاعل، واحد مذکر	
إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ	یقیناً اس میں نشانی ہے ہر توبہ کرنے والے بندے کے لئے۔باب إفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
هُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمْ الْكِتَابَ مُفَصَّلاً	وہی ہے جس نے تفصیلی کتاب کو تم پر نازل کیا۔باب تفعيل، اسْم مفعول، واحد مذکر	
كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ	اسی طرح حد سے بڑھنے والوں کے لئے مزین کر دیا گیا ہے جو وہ عمل کرتے ہیں۔ باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر | ثلاثي مجرد، فعل مضارع	
مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ	تمہارے رب کی طرف سے نشان زدہ۔باب تفعيل، اسْم مفعول، واحد مؤنث	
يُدَبِّرُ الْأَمْرَ يُفَصِّلُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ	وہ معاملات کی تدبیر کرتا ہے اور نشانیوں کو تفصیل سے بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات پر یقین کرو۔يُدَبِّرُ ويفصل: باب تفعيل، فعل مضارع، واحد مذکرغائب | تُوقِنُونَ: باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذکرحاضر	
وَسَخَّرَ لَكُمْ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ	تمہارے لئے دن ورات کو مسخر کر دیا، جبکہ سورج، چاند، ستارے اس کے حکم کے تحت استعمال شدہ ہیں۔باب تفعيل، فعل ماضي، واحد مذکر غائب | باب تفعيل، اسْم مفعول، جمع مؤنث	
هَذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُبِينٌ	یہ واضح کرنے والی عربی زبان ہے۔باب إفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا	یقیناً اس قرآن میں ہم نے مختلف طریقوں سے بات کی ہے، تاکہ وہ یاد دہانی حاصل کریں۔باب تفعيل، فعل ماضي، جمع متكلم | باب تفعيل، فعل أمر، جمع مذکر غائب	

سبق 2A : ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

(ا) اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لفظ کے دو نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربي	اردو	صيغة
يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ	اللہ اور اہل ایمان کو وہ دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں مگر کسی کو وہ دھوکہ نہیں دیتے سوائے اپنے آپ کے جبکہ وہ شعور رکھتے ہیں۔ يخادعون: باب مفاعلة، فعل مضارع، جمع مذكر غائب | يخدعون و يشعرون: ثلاثي مجرد، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
إِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً	جب ہم نے وعدہ لیا موسیٰ سے چالیس راتوں کا۔ باب مفاعلة، فعل ماضي، واحد متكلم	
إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا	گائے تو بس ہمارے لئے مشابہ ہو کر رہ گئی ہے۔ باب تفاعل، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
تَتَظَاهَرُونَ عَلَيْهِم بِالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	سرکشی اور ظلم کے ساتھ ان کے خلاف تم سازش کرتے ہو۔ باب تفاعل، فعل مضارع، جمع مذكر حاضر	
أَوْ لامَسْتُمُ النِّسَاءَ	یا تم نے جنسی تعلق قائم کیا ہو خواتین سے۔ باب مفاعلة، فعل ماضي، جمع مذكر حاضر	
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَاباً يَسِيراً	تو جلد ہی آسان حساب کے ساتھ اس کا حساب کیا جائے گا۔ باب مفاعلة، فعل مضارع مجهول ، واحد مذكر غائب	
وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ	جب وہ ان کے پاس سے گزرتے ہیں تو کن اکھیوں سے اشارے کرتے ہیں۔ باب تفاعل، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ	اس میں فیصلہ کن آیات ہیں، وہی کتاب کی بنیاد ہیں اور اس کے علاوہ متشابہ (تمثیلی) آیات بھی ہیں۔ محكمات: اب إفعال، اسْم مفعول، جمع مؤنث | متشابهات: باب تفاعل، اسْم مفعول، جمع مؤنث	
مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ	پاکباز رہتے ہوئے نہ کہ شہوت آمیز گفتگو کرتے ہوئے۔ محصنين: باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذكر | مسافحين: باب مفاعلة، اسْم فاعل، جمع مذكر	
مُحْصَنَاتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ	(وہ خواتین) پاکباز رہتے ہوئے نہ کہ شہوت آمیز گفتگو کرتے ہوئے محصنات: باب إفعال، اسْم مفعول، جمع مؤنث | مسافحات: باب مفاعلة، اسْم فاعل، جمع مؤنث	
وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ	تمہارے مابین ایک دوسرے پر فخر جتلانا اور مال میں کثرت کے لئے مقابلہ کرنا۔ باب تفاعل، مصدر	
أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ	تمہیں کثرت کی دوڑ نے ہلاک کر دیا۔ باب تفاعل، مصدر	
رَبَّنَا بَاعِدْ بَيْنَ أَسْفَارِنَا	ہمارے رب! ہمارے نامہ اعمال (اور ہمارے درمیان) میں دوری پیدا فرما۔ باب مفاعلة، فعل أمر، واحد مذكر حاضر	
فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ	تو دو مہینے کے مسلسل روزے (وہ رکھے)۔ باب تفاعل، اسْم فاعل، تثنيه مذكر	
فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ	تو جو کسی متضاد صورتحال میں پھنس جائے جبکہ وہ گناہ کی طرف مائل نہ ہو۔ باب تفاعل، اسْم فاعل، واحد مذكر	

سبق 2A : ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

عربي	اردو	صيغة
نُخْرِجُ مِنْهُ حَبّاً مُتَرَاكِباً	اس میں سے ہم نکالتے ہیں ایسے دانے جو ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہیں۔ نخرج: باب إفعال، فعل مضارع، جمع متكلم | متراكب: باب تفاعل، اسْم فاعل، جمع مذكر	
رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِياً يُنَادِي لِلإِيمَان	ہمارے رب! یقیناً ہم نے سنا ایک آواز دینے والے کو کو جو کہ ایمان کی صدا لگا رہا تھا۔ مناديٍ: باب مفاعلة، اسم فاعل، واحد مذكر | ينادي: فعل مضارع، واحد مذكر غائب	
رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ عَنْكَ صُدُوداً	تم نے منافقوں کو دیکھا کہ آپ کے پاس آنے سے وہ شدت سے ہچکچاتے ہیں۔ باب مفاعلة، اسْم فاعل، جمع مذكر	
لَوْلا أَنْ تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِنْ رَبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ	اگر اس کے رب کی رحمت نے اسے نہ تھاما ہوتا تو اسے مذموم حالت میں چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا۔ باب تفاعل، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
إِذَا تَدَايَنتُمْ بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ	جب مقررہ مدت کے لئے تم قرض دو تو اسے لکھ لیا کرو۔ باب تفاعل، فعل ماضي، جمع مذكر حاضر	
إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنْ الَّذِينَ آمَنُوا	یقیناً اللہ اہل ایمان کا دفاع کرتا ہے۔ باب تفاعل، فعل مضارع، واحد مذكر غائب	
إِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى	اگر تم تنگ دست ہو تو دوسری خاتون اس کے لئے دودھ پلائے۔ باب تفاعل، فعل ماضي، جمع مذكر حاضر	
لا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا	ماں کو اس کے بچے کے باعث نقصان نہ پہنچایا جائے۔ باب تفاعل، فعل نهي مجهول، واحد مؤنث غائب	
فَلا تُصَاحِبْنِي	تو میرے ساتھ نہ رہو۔ باب مفاعلة، فعل نهي، واحد مذكر حاضر	
تَشَابَهَتْ قُلُوبُهُمْ	ان کے دل ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ باب تفاعل، فعل ماضي، واحد مؤنث غائب	
وَتَشَاوُرٍ فَلا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا	آپس میں مشورہ کرنے میں ان دونوں کے لئے کوئی حرج نہیں۔ باب تفاعل، مصدر	
لا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرّاً	ان سے خفیہ وعدے مت کرو۔ باب مفاعلة، فعل نهي، جمع مذكر حاضر	
وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَتَسَاءَلُونَ بِهِ	اللہ سے ڈرتے رہو جس کے سامنے تم جواب دہ ہو۔ باب تفاعل، فعل مضارع، جمع مذكر حاضر	
وَلا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلا تَنَابَزُوا بِالأَلْقَابِ	ایک دوسرے پر طعن نہ کرو اور نہ ہی ایک دوسرے کے برے نام رکھو۔ باب تفاعل، فعل نهي، جمع مذكر حاضر	
إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلا تَتَنَاجَوْا بِالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	جب تم باہمی خفیہ مشورے کرو تو گناہ اور ظلم کا مشورہ نہ کرو۔ تناجيتم: باب تفاعل، فعل ماضي، جمع مذكر حاضر | لا تتناجوا: فعل نهي، جمع مذكر حاضر	
فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ	اگر کسی چیز میں تم باہمی اختلاف کرو تو اسے اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹا دو۔ باب تفاعل، فعل ماضي، جمع مذكر حاضر	

سبق 2A : ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

(۲) اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لفظ کے دو نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربي	اردو	صيغة
مَا كَانُوا مُهْتَدِينَ	ہم ہدایت یافتہ نہ تھے۔باب افتعال، اسْم مفعول، جمع مذكر	
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ	تاکہ تم خدا سے ڈرنے والے بنو۔باب افتعال، فعل مضارع، جمع مذكر حاضر	
فَتَلَقَّى آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ	تو آدم نے اپنے رب سے کچھ کلمات سیکھ لیے تو اس نے اس کی توبہ قبول کر لی۔باب تفعل، فعل ماضي، واحد مذكر غائب	
إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ	یقیناً تم نے اپنی جان پر ظلم کیا کہ تم نے بچھڑے کو (بطور معبود) اپنالیا۔باب افتعال، مصدر	
كَانُوا يَعْتَدُونَ	وہ لوگ حد سے گزر جایا کرتے تھے۔باب افتعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
أَ تَتَّخِذُنَا هُزُواً	کیا آپ ہمیں بے وقوف بناتے ہیں؟ باب افتعال، فعل مضارع، واحد مذكر حاضر	
إِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ	اگر اللہ نے چاہا تو یقیناً ہم ضرور ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔باب افتعال، اسْم مفعول، جمع مذكر	
إِنَّ مِنْ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الأَنْهَارُ	یقیناً پتھروں میں سے ایسے ہیں جن میں سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں۔باب تفعل، فعل مضارع، واحد مذكر غائب	
لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَناً قَلِيلاً	تاکہ وہ خریدیں اس سے تھوڑے سے دام۔باب افتعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب	
بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ	کیا ہی برا خریدا انہوں نے اپنی جانوں کے بدلے۔باب افتعال، فعل ماضي، جمع مذكر غائب	
فَتَيَمَّمُوا صَعِيداً طَيِّباً	تو پاک مٹی سے تیمم کرو۔باب تفعل، فعل أمر، جمع مذكر حاضر	
هَذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ	یہ دھونے کی جگہ (جس کا پانی) ٹھنڈا اور پینے کے قابل ہے۔باب افتعال، اسْم ظرف، واحد	
حَتَّى تَغْتَسِلُوا	یہاں تک کہ تم غسل کر لو۔باب افتعال، فعل مضارع، جمع مذكر حاضر	
مِنْ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ	رات کے کچھ حصے میں تہجد ادا کیجیے، یہ آپ کے لئے اضافی ہے۔باب تفعل، فعل أمر، واحد مذكر حاضر	
لا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ	انہیں نقصان نہ پہنچاؤ، اس مقصد کے لئے کہ ان پر زندگی تنگ کر دو۔باب تفعل، فعل مضارع، جمع مذكر حاضر	
مَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلاَّ مُتَحَرِّفاً لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزاً إِلَى فِئَةٍ	اس دن جو اپنی پیٹھ پھیرے گا سوائے اس کہ جنگ کے لئے چال چلے یا اپنے گروہ میں شامل ہو۔يُوَلِّهِمْ: باب تفعيل، فعل مضارع، واحد مذكر غائب | مُتَحَرِّفاً: باب افتعال، اسْم فاعل، واحد مذكر	

سبق 2A : ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

عربي	اردو	صيغة
أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ	کیا جہنم میں تکبر کرنے والوں کا ٹھکانہ نہیں ہے؟باب تفعل، اسْم فاعل، جمع مذکر	
أُتُوا بِهِ مُتَشَابِهاً	انہیں ملتے جلتے دیے گئے۔باب تفاعل، اسْم فاعل، واحد مذکر	
إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ	یقیناً اللہ توبہ کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو بھی پسند فرماتا ہے۔باب تفعل، اسْم فاعل، جمع مذکر	
مَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّداً فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ	جو کوئی کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے۔باب تفعل، اسْم فاعل، واحد مذکر	
فَتَرَبَّصُوا إِنَّا مَعَكُمْ مُتَرَبِّصُونَ	تو انتظار کرو، ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والے ہیں۔باب تفعل، فعل أمر، جمع مذكر حاضر. اسْم فاعل، جمع مذکر	
أَ أَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ	کیا بکھرے ہوئے دیوتا بہتر ہیں یا ایک طاقتور اللہ؟باب تفعل، اسْم فاعل، جمع مذکر	
فَهَلْ أَنْتُمْ مُنتَهُونَ	تو کیا تم باز آنے والے ہو؟باب افتعال، اسْم مفعول، جمع مذکر	
قُلْ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ	تم کہو، انتظار کرو ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں۔باب افتعال، فعل أمر، جمع مذكر حاضر. اسْم فاعل، جمع مذکر	
إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ	یقیناً مجرموں سے ہم انتقام لینے والے ہیں۔باب افتعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى	آخری بیری کے درخت کے پاس۔باب افتعال، اسْم مفعول، واحد مذکر	
يَخْرُجُونَ مِنَ الأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنتَشِرٌ	وہ اپنی قبروں سے ایسے نکلیں گے جیسے وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہوں۔یخرجون: ثلاثي مجرد، فعل مضارع، جمع مذكر غائب | منتشر: باب افتعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ	یقیناً اس میں نشانیاں ہیں اس قوم کے لئے جو فکر کرتی ہو۔باب تفعل، فعل مضارع، جمع مذکر غائب	
الَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجاً يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْراً	تم میں سے جو لوگ مر جائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں، (وہ بیویاں) چار ماہ اور ۱۰ دن انتظار کریں۔يُتَوَفَّوْنَ: باب تفعل، فعل مضارع مجهول، جمع مذکر غائب | يَتَرَبَّصْنَ: فعل أمر، جمع مؤنث غائب	
وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ	ہلاکت ہے کاروبار میں دھوکہ دینے والوں کے لئے۔باب تفعيل، اسْم فاعل، جمع مذکر	

سبق 3A: ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

(ا) اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لفظ کے دو نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربي	اردو	صيغة
اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ	اللہ ان کے مذاق کا جواب دیتا ہے۔باب استفعال، فعل مضارع، واحد مذکر غائب	
إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ	ہم تو تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو بس مذاق کرنے والے تھے۔باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
لَكُمْ فِي الأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	تمہارے لئے زمین میں رہنے کی جگہ ہے۔باب استفعال، اسْم ظرف، واحد	
يَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ	تمہاری خواتین کو زندہ رکھتے تھے۔باب استفعال، فعل مضارع، جمع مذکر غائب	
إِذْ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ ... فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً	جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔اسْتَسْقَى: باب استفعال، فعل ماضي، واحد مذکر غائب | انفَجَرَتْ: باب انفعال، فعل ماضي، واحد مؤنث غائب	
أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَى بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ	کیا تم تبدیل کرنا چاہتے ہو اس کو جو ادنیٰ ہے، بہتر کے بدلے۔باب استفعال، فعل مضارع، جمع مذکر حاضر	
أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لا تَهْوَى أَنفُسُكُمْ اسْتَكْبَرْتُمْ	تو جب کبھی بھی تمہارے پاس کوئی رسول آیا جو تمہاری نفسانی خواہشات پوری نہ کرتا تھا تو تم نے تکبر کیا۔باب استفعال، فعل ماضي، جمع مذکر حاضر	
كَانُوا يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا	وہ کفار کے خلاف فتح مانگا کرتے تھے۔باب استفعال، فعل مضارع، جمع مذکر حاضر	
إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ	جب آسمان پھٹ گیا۔باب انفعال، فعل ماضي، واحد مونث غائب	
يَنقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُوراً	وہ خوش خوش اپنے اہل و عیال کی طرف واپس پلٹے گا۔باب انفعال، فعل مضارع، واحد مذکر غائب	
وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُسْفِرَةٌ. ضَاحِكَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ	کچھ چہرے اس دن چمکتے ہوں گے، ہنستے ہوئے اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے۔مُسْفِرَةٌ: باب إفعال، اسْم فاعل، واحد مؤنث | مُسْتَبْشِرَةٌ: باب استفعال، اسْم فاعل، واحد مؤنث	
إِنْ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمْ الْفَتْحُ	اگر تم فتح مانگو تو فتح تو آچکی ہے۔باب استفعال، فعل مضارع، جمع مذکر حاضر	
وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ	یقیناً ہم جانتے ہیں تم میں سے جو گزر گئے اور یقیناً ہم جانتے ہیں تم میں سے بعد میں آئیں گے۔باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ	ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت دے۔باب استفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	

سبق 3A: ثلاثی مزید فیہ کے مزید گروپ

عربي	اردو	صيغة
وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالأَسْحَارِ	خرچ کرنے والے اور سحری کے وقت مغفرت مانگنے والے۔مُنفِقِينَ: باب إفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر | مُسْتَغْفِرِينَ: باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنْ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ	مردوں، خواتین اور بچوں میں سے کمزور لوگ۔باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
فَمُسْتَقَرٌّ وَ مُسْتَوْدَعٌ	تو رہنے کی جگہ اور سامان رکھنے کی جگہ۔باب استفعال، اسْم ظرف، واحد	
السَّمَاءُ مُنفَطِرٌ بِه	آسمان اس کی وجہ سے گویا پھٹنے والا ہے۔باب انفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
إِنَّا إِلَى رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ	یقیناً ہم اپنے رب کی جانب پلٹنے والے ہیں۔باب انفعال، اسْم فاعل، جمع مذکر	
وَمَا كَانَ مُنتَصِراً	ہم مدد کرنے والے نہیں تھے۔باب انفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ	تو ہم نے آسمان کے دروازے کھول دیے تیزی سے بہتے پانی کے ساتھ۔باب انفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ	(اس عذاب نے) لوگوں کو اس طرح پکڑ لیا گویا کہ وہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہیں۔باب انفعال، اسْم فاعل، واحد مذکر	
وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ	اللہ ہی مدد مانگنے کے لائق ہے اس معاملے میں جو تم صفت بیان کر رہے ہو۔باب استفعال، اسْم مفعول، واحد مذکر	
إِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى	اگر تم تنگ دست ہو تو دوسری خاتون اس کے لئے دودھ پلائے۔تَعَاسَرْتُمْ: باب تفاعل، فعل ماضي، جمع مذکر حاضر | ف سَ تُرْضِعُ: ثلاثي مجرد، فعل مضارع، واحد مونث غائب	
اقْتَرَبَتْ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ	قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔اقْتَرَبَتْ: باب افتعال، فعل ماضي، واحد مؤنث غائب | انْشَقَّ: باب انفعال، فعل ماضي، واحد مذکر غائب	
إِذَا السَّمَاءُ انفَطَرَتْ. وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انتَثَرَتْ. وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ.	جب آسمان پھٹ گیا اور جب ستارے بکھر گئے اور جب سمندر پھاڑ دیے گئے۔انفَطَرَتْ وانتَثَرَتْ: باب انفعال، فعل ماضي، واحد مؤنث غائب | فُجِّرَتْ: باب تفعيل، فعل ماضي مجهول، واحد مؤنث غائب	
إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ. وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ. وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ. وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ	جب سورج کو لپیٹ دیا گیا اور جب ستارے ماند پڑ گئے اور جب پہاڑ چلا دیے گئے اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں بے مہار پھرنے لگیں۔انكَدَرَتْ: باب انفعال، فعل ماضي، واحد مؤنث غائب | كُوِّرَتْ و سُيِّرَتْ و عُطِّلَتْ: باب تفعيل، فعل ماضي مجهول، واحد مؤنث غائب	

سبق 4A: رباعی مجرد و مزید فیہ کے گروپ

(ا) اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لفظ کے دو نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربي	اردو	صيغة
مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا	انہیں مصیبت اور پریشانی آ پہنچی اور انہیں ہلا دیا گیا۔رباعي مجرد، ماضي مجهول، جمع مذكر غائب	
فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَانُ	تو شیطان نے ان دونوں کے دل میں وسوسہ پیدا کیا۔رباعي مجرد، ماضي معلوم، واحد مذكر غائب	
وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ	جب قبروں کو کھول کر بکھیر دیا گیا۔رباعي مجرد، ماضي مجهول، واحد مؤنث غائب	
قَالَ بَلَى وَلَكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي	وہ بولا: ہاں لیکن اس لئے کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔رباعي مزيد فيه، مضارع معلوم، واحد مذكر غائب	
يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلابِيبِهِنَّ	انہیں اپنے اوپر اپنی چادریں ڈال لینے چاہییں۔رباعي مجرد، مصدر، جمع	
إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ	یقیناً قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے۔رباعي مجرد، مصدر، واحد	
وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلاَّ بُشْرَى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُمْ	اللہ نے تو اسے تمہارے لئے خوشخبری بنایا تھا تاکہ تمہارے دل مطمئن ہو جائیں۔رباعي مزيد فيه، مضارع معلوم، واحد مؤنث غائب (نوٹ: غیر ذوی العقول کی جمع مونث ہوتی ہے)	
يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوراً	ان میں سے بعض دھوکہ دینے کے لئے دوسروں کے دل میں خوبصورت باتیں ڈالتے ہیں۔ رباعي مجرد، مصدر، واحد	
نَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ	ہم جانتے ہیں جس سے تم وسوسہ اندازی کرتے ہو۔رباعي مجرد، مضارع معلوم، واحد مذكر حاضر	
إِذَا زُلْزِلَتْ الأَرْضُ زِلْزَالَهَا	جب زمین کو بھرپور زلزلے سے ہلا دیا جائے گا۔رباعي مجرد، ماضي مجهول، واحد مؤنث غائب... مصدر، واحد (نوٹ: مستقبل کے یقینی واقعے کو ماضی کے صیغے میں بیان کیا جاتا ہے)	
الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ	وہ جو سینوں میں وسوسہ اندازی کرتا ہے۔رباعي مجرد، مضارع معلوم، واحد مذكر غائب	
أَفَلا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ	کیا تم نہیں جانتے کہ جب جو کچھ قبروں میں ہے نکال کر بکھیر دیا جائے گا۔رباعي مجرد، ماضي مجهول، واحد مذكر غائب	
إِذَا أَخَذَتْ الأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ	جب زمین نے اپنی خوبصورتی اختیار کرلی اور مزین ہو گئی۔رباعي مجرد، مصدر، واحد	
هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالاً شَدِيداً	اس وقت اہل ایمان کو آزمایا گیا اور انہیں شدید طریقے سے ہلا کر رکھ دیا گیا۔ زلزلوا: رباعي مجرد، ماضي مجهول، جمع مذكر غائب | زلزالا: مصدر، واحد	

سبق 5A: جملہ فعلیہ

اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لائن کے ۱۰ نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور 80 فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔ یہ سبق بہت اہم ہے۔ اس وقت تک آگے نہ بڑھیے جب تک کہ آپ اس سبق میں 80 فیصد اسکور حاصل نہ کر لیں۔

<table>
<tr><th>عربي</th><th>تجزیہ</th></tr>
<tr><td>اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ</td><td>الله: اسْم فاعل، حالت رفع | يستهزئ: باب استفعال، فعل مضارع معلوم، واحد مذكر غائب | بِ: حرف جر، هم: اسْم ضمير مجرور صيغة جمع مذكر غائب حالت جر، بهم: مركب جاري</td></tr>
<tr><td>يَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ</td><td>يَسْتَحْيُونَ: باب استفعال، فعل مضارع معلوم، واحد مذكر غائب، فاعل hidden | نسَاءَ: مضاف | كُم: اسْم ضمير صيغة جمع مذكر حاضر حالت جر مضاف إليه | نسَاءَكُم: مركب إضافي و مفعول حالت نصب</td></tr>
<tr><td>إِذْ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ</td><td>إِذْ: حرف | اسْتَسْقَى: باب استفعال، فعل ماضي معلوم، واحد مذكر غائب | مُوسَى: فاعل حالت رفع | لِ: حرف جر | قَوْم: مجرور و مضاف | ه: اسْم ضمير صيغة واحد مذكر غائب، مضاف إليه | قومه: مركب إضافي | لقومه: مركب جاري</td></tr>
<tr><td>أَ تَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَى بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ</td><td>أ: حرف استفهام | تَسْتَبْدِلُونَ: باب استفعال، فعل مضارع معلوم، جمع مذكر حاضر، فاعل hidden | الَّذي: اسْم موصول واحد مذكر | هُوَ: اسْم ضمير واحد مذكر غائب حالت رفع | أَدْنَى: اسْم تفضيل، واحد مذكر | بِ: حرف جر | هو خَيْرٌ: صلة | الَّذي هو خَيْرٌ: مجرور | بالَّذي هو خَيْرٌ: مركب جاري</td></tr>
<tr><td>كانوا يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا</td><td>كانوا: فعل ماضي معلوم، جمع مذكر غائب | يَسْتَفْتِحُونَ: باب استفعال، فعل مضارع معلوم، جمع مذكر غائب، فاعل hidden | عَلَى: حرف جر | الَّذينَ: اسْم موصول، جمع مذكر | كَفَرُوا: ثلاثي مجرد، فعل ماضي معلوم، جمع مذكر غائب، صلة | الذين كفروا: مجرور | على الذين كفروا: مركب جاري</td></tr>
<tr><td>إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ</td><td>إِذَا: حرف | السَّمَاءُ: فاعل | انشَقَّتْ: باب انفعال، ماضي معلوم، واحد مؤنث غائب</td></tr>
<tr><td>يَنقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُوراً</td><td>يَنقَلِبُ: باب انفعال، ماضي معلوم، واحد مذكر غائب، فاعل hidden | إِلَى: حرف جر | أَهْلِه: مركب إضافي مجرور | إلى أهله: مركب جاري | مَسْرُوراً: حال حالت نصب</td></tr>
<tr><td>وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ</td><td>وَ: حرف عطف | لَقَدْ: حرف | عَلِمْنَا: ثلاثي مجرد، ماضي معلوم، واحد متكلم، فاعل hidden | الْمُسْتَقْدِمِينَ: باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذكر، حالت نصب، مفعول of علمنا | مِنْكُمْ: مركب جاري | مِن: حرف جر | كم: اسْم ضمير، جمع مذكر حاضر، مجرور</td></tr>
<tr><td>اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ</td><td>اهْدِ: ثلاثي مجرد، فعل أمر، واحد مذكر حاضر، فاعل hidden | نا: اسْم ضمير، جمع متكلم، مفعول of إهد | الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ: Second مفعول و مركب توصيفي، حالت نصب | الصراط: موصوف | المستقيم: صفت، باب استفعال، اسْم فاعل، جمع مذكر</td></tr>
</table>

تجزیہ	عربي
أُتُوا: فعل ماضي مجهول، جمع مذكر غائب | بِه: مركب جاري | ب: حرف جر | ه: ضمير، واحد مذكر غائب | مُتَشَابِهاً: حال، حالت نصب، باب تفاعل، اسْم مفعول، واحد مذكر	أُتُوا بِهِ مُتَشَابِهاً
مَنْ: اسْم | يَقْتُلْ: ثلاثي مجرد، مضارع معلوم، واحد مذكر غائب | مُؤْمِناً مُتَعَمِّدًا: مفعول، حالت نصب، مركب توصيفي | فَ: حرف | جَزَاؤُهُ: مركب إضافي، مبتدا | جَهَنَّمُ: خبر | جَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ : جملة اسْمية	مَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّم
قُلْ: فعل أمر معلوم، واحد مذكر حاضر | انتَظِرُوا: أمر معلوم: جمع مذكر حاضر | إِنَّا: إِنَّ حرف نا We مبتدا | مُنتَظِرُونَ: باب افتعال، اسْم فاعل، جمع مذكر، خبر | إنا منتظرون: جملة اسْمية	قُلْ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ
يَخْرُجُونَ: ثلاثي مجرد، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب | مِنْ الأَجْدَاث: مركب جاري | كَ: حرف جر | أَنَّ: حرف تاكيد | هُمْ: اسْم ضمير، حالت نصب، مبتدا | جَرَادٌ مُنتَشِرٌ: مركب توصيفي، خبر | أَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنتَشِرٌ: جملة اسْمية | The أن has given نصب to مبتدا which is اسْم ضمير, so the نصب is not apparent but it is assumed.	يَخْرُجُونَ مِنْ الأَجْدَاث كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنتَشِرٌ
إِنَّ: حرف تاكيد | فِي ذَلِكَ لآيَات: مركب جاري | لِقَوْمٍ: مركب جاري | يَتَفَكَّرُونَ: باب تفعل، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب	إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ
إِنَّ: حرف تاكيد | مِنْ الْحِجَارَة: مركب جاري | لَمَا: حرف | يَتَفَجَّرُ: باب تفعل، مضارع معلوم، واحد مذكر غائب | مِنْهُ: مركب جاري | الأَنْهَارُ: فاعل، حالت رفع	إِنَّ مِنْ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الأَنْهَارُ
يُخَادِعُونَ: باب مفاعلة، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب | اللَّهَ: مفعول، حالت نصب | وَ: حرف عطف | الَّذِينَ: اسْم مفعول، جمع مذكر | آمَنُوا: باب إفعال، ماضي معلوم، جمع مذكر غائب | مَا: حرف نفي | يَخْدَعُونَ: ثلاثي مجرد، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب | إِلاَّ: حرف | أَنفُسَهُمْ: مركب إضافي، مفعول | مَا: حرف نفي | يَشْعُرُونَ: ثلاثي مجرد، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب	يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ
إِذْ: حرف | وَاعَدْنَا: باب مفاعلة، ماضي معلوم، جمع متكلم | مُوسَى: مفعول، حالت نصب | أَرْبَعِينَ لَيْلَةً: مفعول، حالت نصب	إِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً
إِنَّ: حرف تاكيد | الْبَقَرَ: مبتدا، حالت نصب | تَشَابَهَ عَلَيْنَا: خبر | تشابه: باب تفاعل، ماضي معلوم، واحد مذكر غائب | علينا: مركب جاري | علي: حرف جر | نا: ضمير جمع متكلم	إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا

تجزیہ	عربي
تَتَظَاهَرُونَ: باب تفاعل، مضارع معلوم، جمع مذكر حاضر | عَلَيْهِمْ: مركب جاري | بالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ: مركب جاري | ب: حرف جر | إثم: مجرور | عدوان: مجرور	تَتَظَاهَرُونَ عَلَيْهِمْ بِالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ
فَ: حرف | سَوْفَ: حرف | يُحَاسَبُ: باب مفاعلة، مضارع معلوم، واحد مذكر غائب | حِسَاباً: مفعول، حالت نصب | يَسِيراً: حال، حالت نصب	فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَاباً يَسِيراً
وَ: حرف عطف | إِذَا: حرف | مَرُّوا: ثلاثي مجرد | بِهِمْ: مركب جاري | يَتَغَامَزُونَ: باب تفاعل، مضارع معلوم، جمع مذكر غائب	وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ
أَلْهَا: باب إفعال، ماضي معلوم، واحد مذكر غائب | كُمْ: ضمير، جمع مذكر حاضر، مفعول | التَّكَاثُرُ: باب تفاعل، مصدر	أَلْهَاكُمْ التَّكَاثُرُ
